پروفیسر جعفر بلوچ (لاہور)

امیر المؤمنین سیدنا ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ

بہرہ ور صدیق ہیں اللہ کی توفیق سے
وہ مشرف ہیں شہ معراج کی تصدیق سے

محتشم اسلام ان کی سرپرستی سے ہوا
آب و تاب اس کو ملی ہے حضرتِ صدیق سے

ثانی اثنین ان کو فرمایا ہے آپ اللہ نے
روشن ان کے وصف ہیں قرآن کی توثیق سے

درس ''لاتحزن'' ہمیں ان کے توسط سے ملا
یوں ہوئے ہیں ہم رہا ہر کرب سے ہر ضیق سے

خود نبی نے ان کو بخشا ہے امامت کا شرف
عظمتِ صدیق ہے ظاہر اسی تنسیق سے

دینِ حق کا بول بالا کردیا بوبکر نے
قوتِ ایماں سے اور اسلوب تستعلیق سے

مَے وہ ہے نشہ ربا، غفلت گداز' ایماں فروز
دی جو اس ساقی نے اپنے شیشہ و ابریق سے

آپ کی بیٹی ہیں حضرت عائشہ، اُمت کی ماں
دیں ہے محکم جن کے ارشادات کی تعمیق سے

قابلِ رشک ان کے اوصاف و فضائل ہیں تمام
جو اکابر لکھ چکے تفصیل اور تحقیق سے

ہیں رحیم آپس میں صدیق اور علی المرتضیٰ
مفتری خاسر ہے خود تقسیم اور تفریق سے